11/01/2026

12.25 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینشیخ انورالحق

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر کے مالی چلینجوں کی چارہ جوئی کے لئے ایک مضبوط ادارہ جا تی تعاون پر زور دیا ہے۔ وہ نئی دلی میں مرکزی وزیر خزانہ کی صدارت میں منعقدہ بجٹ سے پہلے کی مشاورت کے ایک پروگرام میں حصہ لیتے ہوئے بول رہے تھے۔

عمر عبداللہ نے جموںو کشمیر کےلئے2026-27کے مرکزی بجٹ کے بارے میں بعض اہم پہلوؤں کو اُجاگر کیا۔

MSME

ایک اہم پیش رفت کے تحت محکمہ صنعت و تجارت جموںو کشمیر کے فلیگ شپ پروگرام جے کےSkochکے مائیکرو، سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ہیلتھ کلنِک کو گولڈ ایوارڈ سے نوازا گیا ہے۔

کے104ویں سربراہ اجلاس کے Skoch ہیلتھ کلنِک کو یہ ایوارڈ نئی دلی میں منعقدہ JKMSME دورانMSME سیکٹر کی نتیجہ خیز اور موثر عمل آوری یقینی بنانے کے صلے میں دیا گیا ہے۔

جتیندر سنگھ

اور موزی Genetic سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہاہے کہ امراض پر قابو پانے میںان کی بر وقت تشخیص اور علاج کا خرچہ برداشت کرنے جیسے چیلینج آڑے آجاتے ہیں۔

حیدر آباد میں National Skill Developmet Center, Skilling and Accessing Molecular Advancements in research and Technology for Health

کا سنگ بنیاد رکھنے کے بعد تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ SAMARTH-بیماریوں کے تشخیصی عمل میں تفاوتوں کو دور کرنے میں کلیدی رول ادا کرے گا

ڈائریکٹر کالجز

ڈائریکٹر کالجز جموںو کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے طالب علموں کی بہبودی یقینی بنانے کےلئے اداروں کے کام کاج سے متعلق ایک متحدہ پلیٹ فارم متعارف کرنے پر زو دیا ہے۔

جموںو کشمیر میں اعلیٰ تعلیم کا معیار بڑھانے کی غرض سے انہوںنے جموں ڈویژن کے سبھی گورنمنٹ ڈگری کالجوں کے پرنسپلوں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران محکمے کے ویژن کے مطابق کالجوں کی نظامت اور ان اداروں میں درس تدریس کے مختلف پہلوؤنمیں بہتری لانے کی ضرورت اُجاگر کی۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر ،سماج سے رشوت خوری کی بدعت کا خاتمہ کرنے اور راشی عناصر کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے ۔

خاص طور سے اراضی گھوٹالوں کے معاملات میں ملوث افراد کے خلاف موثر کارروائی ACB کر رہا ہے۔

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک کا پیغام - ACB

------

DCs-1

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے27-2026کےلئے ضلع ہیلتھ ایکشن پلان کے بارے میں مشاورت کی غرض سے منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران ضلع بھر مینصحت خدمات تک عوام کی مساوی رسائی یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

اسی دوران ایک علیحدہ میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر موصوف نے ضلعے کے مختلف پاور پروجیکٹوں کی کار گذاری کا بھی جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت سوسے نے ضلعے میں نیشنل رورل لائیولی ہڈس مشن پر عمل آوری کی پیش رفت کا جائزہ لیتے ہوئے روزگار کے وسائل بڑھانے اور کریڈٹ لِنکیجز کو مستحکم کرنے کی ضرورت اُجاگر کی ہے۔

ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی میٹنگ کے دوران پر دھان منتری آواس یوجنا شہری دوئم کے تحت73نئے معاملات کو منظوری دی گئی ہے۔

DCs-2

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اِندو کنول چب نے موجودہ موسم سرما کے چلتے ضلعے کے گریز سب ڈویژن میں عوام کےلئے دستیاب طبی نگہداشت کی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوننے ایک الگ میٹنگ میں کشن گنگا پن بجلی پروجیکٹ کے ماحولیاتی پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا۔

ضلع سینک ویلفیر آفس کپواڑہ اور گورنمنٹ ڈگری کالج ہندواڑہ کی طرف سے دسویں ویٹرنز ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ان پروگراموں میں ESM ڈے2026کے موقعے پر ایک مفت طبی کیمپ اور زائد از200 سابقہ فوجیوں اور ان کے اہل خانہ نے شرکت کی۔

JKپولیس

جموں وکشمیر پولیس نے منشیات کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے اونتی پورہ اور بڈگام میں چا ر ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے۔

اسی دوران پولیس کی طرف سے امام صاحب شوپیان میں ایک PCPG میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، جس میں کا فی تعداد میں عام لوگوں نے شرکت کر کے اپنے کئی مسائل اُجاگر کئے۔

اُدھرسوپور میں پولیس کی طرف سے سوک ایکشن پروگرام کے تحت منعقدہ والی بال چمپئن شپ اختتام پذیر ہوگئی ہے۔ فائنل میچ کا لطف شائقین کی ایک بڑی تعداد نے اٹھایا۔

سیاحت

سیاحتی سیکٹر کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہے ۔ زیادہ سے زیادہ سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے کئے جا رہے

.....................................

.....................